کئے جاتے ہیں، پیش نظر شمارہ اگست ۲۰۱۰ء کا ہے، اور کتابی سلسلہ نمبر ۲۱ ہے۔ متوازن علمی مجلّہ ہے اور علم وادب کے فروغ میں اہم رول ادا کر رہا ہے، ورنہ آج کل ادب کے نام پر فحش رسائل شائع ہو رہے ہیں، یہ ایک قابل قدر کوشش ہے، ادبی ذوق رکھنے والوں کیلئے عمدہ مجلّہ ہے، پروفیسر ذوالفقار دانش صاحب کتب پر تبصرہ تحریر فرماتے ہیں، ضرورت ہے تحقیقی مضامین بھی تحریر فرمائیں جو پی ایچ ڈی کے بعد ان کے لئے بہت مفید ثابت ہوں گے، انشاء اللہ

مجلّہ : ششماہی علوم القرآن انڈیا

ایڈیٹر : اشتیاق احمد ظلی / ظفر الاسلام اصلاحی / ابوسفیان اصلاحی

یہ مجلّہ ۱۹۸۵ء سے شائع ہو رہا ہے، اور اس نے علوم القرآن کے حوالہ سے گراں قدر مقالات شائع کئے ہیں، ان خدمات کو جناب محمد شاہد حنیف صاحب اور سمیع الرحمٰن صاحب نے زندہ وجاوید بنادیا ہے۔ چالیس صفحات پر مشتمل یہ اشاریہ بہت شاندار علمی خدمت ہے، محمد شاہد صاحب ادارہ اقبال لاہور کے ملازم ہیں، لیکن رضا کارانہ طور سے بہت جانفشانی کے ساتھ دین و علم کی خدمت میں منہمک ہیں، موصوف نے پیش نظر علوم اسلامیہ کا پانچ سالہ اشاریہ بھی مرتب کیا تھا، اب انشاء اللہ دس سالہ اشاریہ بھی آپ ہی مرتب کریں گے، موصوف نے بہت سے مجلّات کے لئے یہ خدمت انجام دی ہے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام اشاریہ ایک CD پر کر کے برائے فروخت مشتہر کر دیئے جائیں تا کہ اہل علم انہیں خرید کر ریسرچ میں مدد لے سکیں۔ اللہ تعالیٰ دونوں حضرات کو دنیاوی و اخروی کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

فہرست اشاریہ رسائل وجرائد:

دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک کے ماہنامہ الحق کا ۴۵ سالہ اشاریہ، ص ۵۵۲

القاسم اکیڈمی، نوشہرہ کے ماہنامہ القاسم کا ۱۴/ سالہ اشاریہ، ص ۲۱۴

ادارہ علوم القرآن، علی گڑھ کے ششماہی علوم القرآن کا ۲۵ سالہ اشاریہ، ص ۴۰

ادارہ المیزان، اسلام آباد کے سہ ماہی المیزان کا اشاریہ، ص ۱۶،

مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور کے مہنامہ محدث کا ۴۵ سالہ اشاریہ (زط)
انجمن خدام، چکوال کے ماہنامہ حق چار یار کا ۲۲ سالہ اشاریہ، ص ۱۸۰
شیخ زائد اسلامک سینٹر، کرچی کے مجلہ الثقافۃ الاسلامیہ کا ۲۰ سالہ اشاریہ، ص ۳۶
ایران پاکستان ثقافتی کونسل، اسلام آباد کے پیغام آشنا کا ۱۰/ سالہ اشاریہ، ص ۱۰۶
شاہ ولی اللہ اکیڈمی، حیدرآباد کے الرحیم/ الولی کا ۴۵ سالہ اشاریہ، ص ۹۶
اکادمی ادبیات، اسلام آباد کے سہ ماہی ادبیات کا ۲۵ سالہ اشاریہ (زت)
اسلامک فقہ اکیڈمی، کراچی کے ماہنامہ فقہ اسلامی کا ۱۰/ سالہ اشاریہ، ص ۱۰۰
ادارہ ترجمان القرآن، لاہور کے ماہنامہ ترجمان القرآن کا ۵۷ سالہ اشاریہ (زت)
مرکز تحقیق، دیال سنگھ ٹرسٹ، لاہور کے سہ ماہی منہاج کا ۲۵ سالہ اشاریہ، ص ۹۶
انجمن خدام، القرآن، لاہور کے ماہنامہ حکمت قرآن کا ۲۶ سالہ اشارہ، ص ۱۲۴
مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان کے ماہنامہ لولاک کا ۱۴/ سالہ اشاریہ (زط)
اقبال اکادمی، حیدرآباد کے مجلہ اقبال ریویو کا اشاریہ، ص ۲۶
شعبہ اقبالیات، کشمیر یونیورسٹی کے مجلہ اقبالیات کا اشاریہ، ص ۱۲
انجمن اساتذۃ، کراچی کے مجلہ علوم اسلامیہ کا ۵ سالہ اشاریہ، ص ۳۶
مجلس ترقی ادب، لاہور کے سہ ماہی صحیفہ کا ۵۰ سالہ اشاریہ، ص ۴۸۸

مجلّہ : ششماہی الایام، ج/ ۱، ش/ ۲، جولائی تا دسمبر ۲۰۱۰ء
چیف ایڈیٹر : پروفیسر ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر
ناشر : مجلس برائے تحقیق اسلامی تاریخ وثقافت کراچی
قیمت وصفحات : ۲۰۰ روپے۔ ۲۴۸ صفحات

پروفیسر ڈاکٹر نگار شجاد ظہیر صاحبہ کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ سابق صدر شعبہ اسلامی تاریخ جامعہ کراچی رہی ہیں، اب بھی اسی شعبہ سے وابستہ ہیں۔ متعدد کتب کی مصنفہ ہیں، بے شمار تحقیقی مقالات تحریر کر چکی ہیں، پیش نظر ششماہی علمی وتحقیقی جریدہ الایام ہے، یہ دوسرا اشارہ ہے۔